☆......تبصرہ کے لیے دو کتابوں کا آنا ضروری ہے

☆......کتابیں مرکزی دفتر کے پتے پر ارسال فرمائیے

''حدیثِ دِل''

مجموعہ مضامین حضرت مولانا سعید احمد جلال پوری شہید رحمۃ اللہ علیہ

مرتب: مولانا محمد اعجاز مصطفیٰ زید مجدہم۔صفحات 616۔طباعت: عمدہ۔ ملنے کا پتا: مکتبہ ختم نبوت، دفتر مجلس تحفظ ختم نبوت پرانی نمائش ایم اے جناح روڈ کراچی۔فون: 021-32780337

حضرت مولانا مفتی سعید احمد جلال پوری شہید رحمۃ اللہ علیہ جید عالم، استاذِ حدیث وفقہ، مربی و مصلح شخصیت تھے۔ ماہ نامہ بینات کے مدیر اور مجلس تحفظ ختم نبوت کے سالار تھے۔ اللہ تعالیٰ نے آپ کو گوناگوں خصوصیات سے نوازا تھا۔ راست گوئی، حق پژوہی، پختگی فکر، اور دینی و مسلکی تصلب کی شہادت کے لیے ماہ نامہ بینات کے صفحات گواہ ہیں۔ آپ نے ماہ نامہ بینات کی ادارت کے دنوں میں دینی، ملی، تحریکی، اور عصر جدید میں پیدا ہونے والے موضوعات پر خوب جم کر لکھا، جس بات کو حق سمجھا اسے بلا خوف لومۃ لائم بیان کیا۔ آپ کے اداریے محض ماہ نامہ بینات یا جامعۃ العلوم الاسلامیہ علامہ بنوری ٹاؤن کی پالیسی کا اظہار نہیں ہوتے تھے بلکہ پورے مسلک علمائے دیوبند کی نمائندگی کرتے تھے۔

زیر تبصرہ کتاب ''حدیثِ دِل'' آپ کے قلم سے نکلنے والے دینی، مسلکی، ملکی و بین الاقوامی حالات اور سلگتے موضوعات پر اداراتی شذرات کا مجموعہ ہے۔ اس سے قبل اسی عنوان سے تین جلدیں شائع ہو چکی ہیں، یہ چوتھی جلد ہے اور اس میں ۷۲ مضامین شامل ہیں۔ ان میں......انعامات اِلٰہیہ کی بارش، حج کی فضیلت واہمیت، ہماری دعائیں کیوں قبول نہیں ہوتیں؟ اسلامی نظریاتی کونسل کی مجتہدانہ تحقیق، ڈی این اے ٹیسٹ اور ثبوت نسب، فلم ''خدا کے لیے'' قہر اِلٰہی کو دعوت، بولتے حقائق: مجرم کون ......ملا یا مسٹر؟!، پرویزی آمریت کا تسلسل، ملک توڑنے کی سازشوں کا تدارک کیجیے، دینی مدارس کے خلاف جدید امریکی منصوبے، انٹرنیٹ کی تباہ کاریاں اور ان کا سدباب،......وغیرہ یہ اور دیگر تمام موضوعات پر لکھی گئی تحریرات اپنے مشمولات کے اعتبار سے آج بھی تازہ ہیں۔ گرامی قدر مولانا محمد اعجاز مصطفیٰ صاحب زید مجدہم قابل صد مبارک باد ہیں کہ انہوں نے ان تمام مضامین کی ترتیب و تدوین میں کدوکاوش کی اور ان کی سعی سے یہ گلدستہ منظر عام پر آسکا۔